19/06/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں۔۔عارف حسین

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے پیرس میں Viva Tech-2026 سمٹ سے خطا کرتے ہوئے بھارت کو اختراعات اور ٹیکنالوجی کے ایک عالمی مرکز کے بطور پیش کیا ہے ۔

اپنی تقریر میں وزیر اعظم نے کہا کہ ٹیکنالوجی تک ہر کسی کی رسائی یقینی بنائی جانی چاہیے ۔ انہوں نے عالمی اختراع کاروں کو بھارت کے ساتھ باہم مل کر کام کرنے کا صلاح دیا۔

....

نریندر مودی نے کہاکہ گذشتہ ایک دہائی میں بھارت کے اندر ترقی کی رفتار کافی بڑھ گئی ہے اور یہ صرف ٹیکنالوجی کی بدولت ہی ممکن ہوا ہے ۔

اس دوران وزیر اعظم فرانس اور سلوواکیہ کا اپنا دورہ مکمل کرنے کے بعد نئی دلی کیلئے واپس روانہ ہوئے ہیں۔

مراعات

اسی دوران وزیر اعظم نریندر مو دی آج نئی دلی میں پر دھا ن منتری وکست بھارت روزگار یوجنا کے تحت2ہزار400کروڑ روپے کے مراعات متعلقین میں تقسیم کریں گے۔

سکیم کے تحت مراعات دیئے جانے والے اداروں میں سے80فیصد سے زیادہ ادارے چھوٹے کار خانے ہیں جن میں25کامگاروں سے کم ورکر کام کر تے ہیں۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے شری گرو ارجن دیو جی کو اُن کے یوم شہادت پر خراج عقید ت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ گرو جی کی عظیم قربانی اور امن و اخوت اور مساوات کے ان کے پیغامات عالم انسانیت کی لمبے عرصے تک رہنمائی کرتے رہیں گے۔

انہوںنے کہا کہ ہمیں گرو جی کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کا عہد کرنا چاہئے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سرکار ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت زرعی سیکٹر مینبنیادی ڈھانچے کی تنصیب کے ساتھ ساتھ اعلیٰ پیدا واری فصلوں کی قدر افزائی کیلئے سہولیات بڑھا رہی ہے ۔

تُنر گاندربل میں محکمہ زراعت کی طرف سے منعقدکردہ لیونڈر فیسٹول کا افتتاح کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہاکہ لیونڈر کی کاشت جموں کشمیر کی ترقی اور خوشحالی کی سمت میں ایک نیا باب ہے ۔

....

وزیر اعلیٰ نے زرعی سیکٹر کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا بھی افتتاح کیااور چند ایک کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقعے پرزراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار ، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور انتظامیہ کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔

رانا / ڈار

جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا اور زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے کہا ہے کہ وادی کے ہر خطے خصوصاً دو افتادہ علاقوں میں کسانوں کیلئے آبپاشی کی سہولیات دستیاب کرانا سرکار کی ترجیحات میں شامل ہیں۔

ضلع گاندربل میں آبپاشی سہولیات کے منظر نامے کا جائزہ لیتے ہوئے انہوننے کہا کہ حکومت اس سلسلے میںآبپاشی کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کیلئے توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے۔

وزراءنے کہاکہ زرعی پیدا وار دیہی معیشت میں ریڈھ کی ہڈی کی اہمیت کا حامل ہے اور کسانوں کے روزگار کو بر قرار رکھنے کیلئے بر وقت آبپاشی سہولیات کا ہونا لازمی ہے ۔

چہف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے ٹیکنالوجی پر مبنی سرکیولرمعیشت کے فریم ورک کو با عمل لانے کی ضرورت اجاگر کی ہے ، جو مالی اعتبار سے ماحولیاتی اور سماجی مضمرات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے ایک لمبے عرصے تک چلتا رہے۔انہوں نے کچرے کو پیدا واری وسائل میں تبدیل کرنے اور پھر روزگار کے وسائل پیدا کرنے پر بھی زور دیا ہے ۔

مکانات و شہری ترقی کے محکمے کی جانب سے تجویز کردہ سرکیولر اکانومی فریم ورک کا مقصد جموں کشمیر کیلئے ترقی کا ایک ایسا ماحولیات موافق ماڈل تیا رکرنا ہے جس میں وسائل کاموثر استعمال اور کچرے کا کم پیدا وارہو ۔

یہ فریم ورک ماحولیات کے تحفظ سے متعلق سالڈ ویسٹ منیجمنٹ2026کے ضوابط اور عدالتی احکامات کو ذہن میں رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔میٹنگ میں دیگر افسروں کے علاوہ مکانات وشہری ترقی کی کمشنر سیکریٹری مندیپ کور بھی موجود تھیں۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے ضلع انتظامیہ سرینگر کی جانب سے ریجنل ٹرانسپورٹ آفس سرینگر میں ای گورننس سے متعلق قائم کردہ سینٹر آف ایکسی لنس کا افتتاح کیا ۔

اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے ڈویژنل کمشنر نے کہاکہ یہ مرکز امتیاز ڈیجیٹل سہولیات کا ایک جامع ون سٹاپ سینٹر ہوگا جہاں سے شہریونکیلئے ٹرانسپورٹ سے جڑی خدمات کے علاوہ مختلف سرکاری اسکیموں تک آسان اور آن لائن رسائی ممکن ہو سکے گی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت15اعشاریہ4 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ25 اعشاریہ6ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ